ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**Malleshwaram, Bengaluru – 560 003**

**2023-24ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ**
**S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER – 2023-24**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ ] ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **66-U**

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] **Subject Code : 66-U**

**CCE-RF : ಶಾಲಾ ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳು / Regular Fresh**

---

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ جس میں 38 سوالات ہیں۔
2. سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. وہ کلمہ ہے جو خود کے معنی دیتا ہے۔

(A) غیر مستقل کلمہ (B) مستقل کلمہ

(C) حروفِ فجائیہ (D) حروفِ عطف

2. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔ کہلاتا ہے۔

(A) حروف تخصیص (B) حروفِ ربط

(C) تردید (D) حروفِ عطف

3. چار مصرعوں والی نظم کو کہتے ہیں۔

(A) رباعی (B) غزل

(C) مثنوی (D) مرثیہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



4. وہ جملہ ہے جس میں حرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو۔

(A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب

(C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ فعلیہ

5. مضمون کے آخری حصّہ یہ کہلاتا ہے۔

(A) ابتداء (B) اختتام

(C) نفسِ مضمون (D) تمہید

6. وہ نظم جس میں اللہ تعالٰی کی تعریف بیان کی گئی ہو، کہلاتی ہے۔

(A) مرثیہ (B) غزل

(C) نعت (D) حمد



www.careerindia.com

CAREERINDIA



7. مرکب جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

8. غزل کا سب سے اچھا شعر، کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) حسنِ مطلع

(C) بیت الغزل (D) مقطع

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

9. پارہ چڑھنا : غصّہ ہونا :: دل بجھ جانا : .........

10. ہدایت : ہدایات :: حضرت : .........

11. خبر : پیغام :: قبر : .........

12. طلوع : غروب :: موت : .........

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. راجا اور پرجا کا مالک کون ہے ؟

14. کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟

15. اکبرالٰہ آبادی کو کس بات کا جنون نہ رہا ؟

16. ٹوکیو کے ہوائی اڈّہ کا نام کیا ہے ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟

18. شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

19. قدیم زمانے میں ''نانواشیا'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا ؟

20. سرایم وشویشوریا کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے اور ان کی پیدائش کب ہوئی ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



21. محمد علی جوہرؔ کے والدین کا نام کیا تھا ؟

22. پروفیسر راہیؔ کا اصل نام کیا ہے مصنف سے ان کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

23. مُلّا نصیر الدین کو کس لئے اپنے گھر میں چُھپ کر بیٹھنا پڑا ؟

24. ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہیئے ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 9 x 3 = 27

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''اِس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

26. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔''

27. ''ہم اپنی ذات کو اپنی اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔''

www.careerindia.com

CAREERINDIA



28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) کرشن چندر

(ii) ڈاکٹر وحید انجم

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) مولانا محمد الطاف حسین حالیؔ

(ii) میر تقی میرؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی

کچھ ہماری خبر نہیں آتی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



31. تماشائے دَیر وحرم دیکھتے ہیں

تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

32. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں

تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

There are many religion live in India. It is a peaceful country. People are very happy.

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 4 x 4 = 16

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

35. اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

یا

پروفیسر راہی کا حلیہ بیان کیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



36. درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

حضور ﷺ ساری دنیا کے لئے رحمت بن کر آئے تھے۔ اِس لئے کسی کے ساتھ بھی زیادتی اور ناانصافی کو پسند نہ فرماتے تھے۔ یہاں تک کہ جانوروں کے ساتھ لوگ جو بے پرواہی برتتے تھے وہ بھی آپ ﷺ کو گوارا نہ تھا۔ اور ان بے زبانوں پر جو ظلم ہوتا تھا اِس کو روک دیا کرتے تھے۔

ایک بار ایک صاحب نے ایک پرندہ کا انڈا اُٹھالیا۔ چڑیا بیقرار ہو کر پر مار رہی تھی۔ آپ ﷺ نے پوچھا کہ کسی نے اس کا انڈا لیا ہے اور اس کو دکھ پہنچایا ہے۔ ایک صاحب نے کہا کہ یارسول اللہ میں نے یہ کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہیں رکھ دو۔ آپ ﷺ کی نظر میں امیر و غریب سب برابر تھے۔ قبیلہ مخزوم کی ایک عورت چوری کے جرم میں گرفتار ہوئی۔ لوگوں نے حضرت اسامہؓ سے جن کو آپ ﷺ بہت چاہتے تھے۔ ان سے سفارش کرائی۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ ''تم سے پہلے کی قومیں اس لئے برباد ہوگئیں۔ کہ جب کوئی بڑا آدمی جرم کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور معمولی آدمی جرم کرتا تو وہ سزا پاتا۔''

www.careerindia.com

CAREERINDIA



اب اِس بات کی کوشش ہونی چاہیئے کہ حضور ﷺ کی زندگی کی ہم پیروی کریں اور آپ ﷺ کی بتائی

ہوئی باتوں پر عمل کریں۔

**سوالات :**

(i) حضور ﷺ ساری دنیا کے لئے کیا بن کر آئے تھے ؟

(ii) حضور ﷺ نے کس چیز کو پسند نہ کرتے تھے ؟

(iii) چڑیا بیقرار ہوکر ''پر'' کیوں مار رہی تھی ؟

(iv) جرم میں گرفتار عورت کس سے سفارش کروائی تھی ؟

37. **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :**

(i) جہیز ایک لعنت ہے

**یا**

(ii) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹّی طلب کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے ۔جس میں سلانہ امتحان کی فیس پانچ سو روپیے مانگنے کا ذکر ہو۔

www.careerindia.com

DO NOT WRITE ANYTHING HERE